کلاں، ٹائپ جلی اور روشن۔ پتہ: رضا لائبریری رامپور (اتر پردیش)

ان مخطوطات کی فہرست کی جلد اوّل پر برہان میں تبصرہ ہو چکا ہے۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ اب یہ دونوں جلدیں بھی چھپ کر منظر عام پر آ گئی ہیں۔ دوسری جلد تین عنوات پر تقسیم ہے (۱) ادعیہ (۲) دینیات (۳) مناظرہ۔ مخطوطات کی مجموعی تعداد ایک ہزار ایک سو اکیس ہے۔ ترتیب وہی ہے جو پہلی جلد کی تھی۔ یعنی گیارہ کالم ہیں جن میں نمبر اندراج وسلسلہ کے علاوہ کتاب اور مصنف کا نام مع تاریخ وفات کے مخطوطہ کا سائز۔ صفحات، اس کا خط، اس کا عہد اور موجودہ حالت اور اس سے متعلق بعض اور معلومات درج ہیں۔ ان میں بہت سے مخطوطات ایسے ہیں جو شائع بھی ہو چکے ہیں تاہم ان کی یہ اہمیت اب بھی ہے کہ اڈیٹنگ کے وقت کام آ سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں بعض مخطوطات بالکل نادر اور کمیاب یا بعض اور حیثیتوں سے بہت زیادہ قابل قدر ہیں۔ مثلاً جوامع الخیرات محمود القدیری۔ شاہ ولی اللہ الدہلوی کی الجواہر المنفیۃ فی حلیتہ خیر البریہ۔ امام زین العابدین کا الصحیفۃ الکاملہ، امام ابو حنیفہ کی افضل الفقہ ابو المنصور ماتریدی کی خلاصتہ الاصول کی منظوم شرح، امام رازی کی کتاب محصل افکار المتقدمین والمتاخرین کی شرح از نصیر الدین طوسی۔ اسی طرح امام رازی کی ایک اور کتاب المعالم فی اصول الدین کی شرح از شرف الدین ابو محمد عبداللہ وغیرہ وغیرہ۔ اب رہی تیسری جلد تو وہ ایک ہزار ایک سو دس مخطوطات پر مشتمل ہے جو اصول فقہ علم المناظرہ، جدلیات، فقہ اور قانون وراثت کے عنوانات کے ماتحت مندرج ہیں۔ اس جلد میں بھی متعدد مخطوطات ایسے ہیں جو یا تو نادر اور کمیاب ہیں یا بعض اور وجوہ کی نہایت قیمتی اور قابل قدر ہیں۔ مثلاً ابن قیم الجذریہ کی اختلاف المذہبین۔ ابوالحسن البزدوی کی الجامع الصغیر کی شرح۔ ابوالحسین القدوری کی شرح مختصر کرخی، الہدایہ پر ایک حاشیہ، تاج الدین ابو حفص عمر الفاکہانی کی التحریر والتحبیر غرض کہ پہلی جلد کی طرح یہ دونوں جلدیں بھی ارباب علم و تحقیق کے لئے ایک متاع گراں مایہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے فاضل مرتب کو جزائے خیر عطا فرمائے اور وہ صحت و سلامتی کے ساتھ رہ کر اس سلسلہ کی تکمیل اطمینان و سکون کے ساتھ کر سکیں۔ آمین!

● بائبل سے قرآن تک۔ تقطیع کلاں ضخامت ۶۱۲ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت مجلد ۱۵/
پتہ: مکتبہ دار العلوم کراچی ۔ ۱۴